Press Release

پریس ریلیز

मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY

پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی یونیورسٹی

گچی باؤلی' حیدرآباد 500 032۔تلنگانہ

فون:-040-23006606' 23006612-15 (104)' فیکس:23006606' ای میل:۔manuupro1@gmail.com' ویب سائٹ:www.manuu.ac.in

22/مئی 2018

اردو یونیورسٹی، جرنلزم طلبہ کا ای ٹی وی بھارت کے لیے انتخاب

حیدرآباد، 22/مئی (پریس نوٹ): شعبۂ ترسیل عامہ وصحافت، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے تین طلبہ کا کیمپس پلیسمنٹ مہم کے دوران ای ٹی وی بھارت نیوز پورٹل میں انتخاب عمل میں آیا۔ اس مہم کا اہتمام 4/مئی کو کیا گیا تھا۔

پروفیسر احتشام احمد خان، ڈین وصدر شعبہ ترسیل عامہ وصحافت کے بموجب یہ انتخاب تحریری امتحان وشخصی انٹرویو پر مبنی تھا۔ سال آخر کے چھ طلبہ کے علاوہ دو فارغ التحصیل طلبہ کا تحریری امتحان لیا گیا جس میں سے 5 طلبہ شخصی انٹرویو کے لیے اہل قرار دیے گئے۔

انٹرویو کی بنیاد پر ملک کے ممتاز میڈیا گروپ ای ٹی وی نیٹ ورک نے اپنے مجوزہ نیوز پورٹل ای ٹی وی بھارت اور موجو کنٹنٹ کے لیے تین طلبا کو منتخب کیا جن میں ارشاد احمد، محمد شرفِ عالم، محمد سلمان شامل ہیں۔ ان طلبا کا ابتدائی ماہانہ مشاہرہ -/18,000 روپئے ہوگا۔

راموجی راؤ گروپ، اس نیوز پورٹل اور موجو کنٹنٹ کی شروعات اگست 2018 سے 12 زبانوں میں کر رہا ہے۔

عابد عبدالواسع

پبلک ریلیشنز آفیسر